شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰(۱۱۔۹۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۱۱۔۹۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

# وارانسی میں حملے پر امریکی سفیر ٹموتھی جے رومر کا بیان

نئی دہلی، 8 دسمبر 2010: ہندوستان میں امریکہ کے سفیر ٹموتھی جے رومر نے وارانسی میں ہوئے قابل مذمت اور بزدلانہ حملے کے شکار افراد اور ہندوستانی عوام کے تئیں آج اپنے دلی صدمہ کا اظہار کیا ہے۔

سفیر رومر نے کہا: ''وارانسی شہر، جو اپنے شہریوں کے جذبۂ رواداری اور مذہبی تنوع کے لئے مشہور ہے، وہاں گزشتہ روز کے المناک حملے کے بارے میں سن کر مجھے بیحد صدمہ پہنچا ہے۔ میں اس حملے کے شکار لوگوں کے اہل خاندان اور دوستوں اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کرتا ہوں۔

اس بے معنیٰ حرکت کا ارتکاب کرنے والوں نے کچھ بھی حاصل نہیں کیا ہے۔ موت اور تباہی ہی ان کا پیغام ہے جس سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا۔ امریکہ بے قصور لوگوں پر ایسے بے معنی تشدد اور بے رحمانہ حملے کی مذمت کرنے میں ہندوستانی عوام کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑا ہے۔ ہم اس سنگین جرم کی تفتیش میں اور مرتکبین کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لئے حکومت ہند کو کسی بھی قسم کی مناسب مدد دینے کے لئے تیار ہیں۔

میری بڑی خوش قسمتی ہے کہ میں نے ہندوستان میں اپنے اسفار کے دوران وارانسی کا بھی دورہ کیا ہے۔ میں نے اس شہر کے مذہبی قائدین اور اسکول کے بچوں کی گرم جوشی، تاجر برادری کی توانائی اور بنارس ہندو یونیورسٹی کے طلبا کی فعالیت کا احساس کیا ہے۔ مجھے دریائے گنگا کے کناروں پر آرتی کی رسم میں شرکت سے ترغیب حاصل ہوئی۔ اس عظیم شہر کی اسپرٹ، جو تمام مذاہب کے توسط سے گزشتہ 3000 برسوں سے اس کے باشندوں کی روح میں مضبوطی سے رچی بسی رہی ہے، اس المیہ کو شکست دے دیگی تاکہ یہ شہر امن، رواداری، اور مذہبی آزادی کی روشن مثال کے طور پر بدستور برقرار رہے۔''

☆☆☆